بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

محدث دہلی

نمبر ۱	ماہ محرم الحرام ۱۳۵۳ھ مطابق ماہ مئی ۱۹۳۴ء	جلد ۲

آغاز سال دوم

خدائے قدوس کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اشاعت حاضرہ سے رسالہ محدث کا دوسرا سال شروع ہوتا ہے۔ ابتک جو کچھ ہمنے محدث کے ذریعہ خدمتِ ملت انجام دے کر ملک میں اپنے لئے مقبولیت کا کوئی گوشہ حاصل کیا ہے اس میں صرف اللہ تعالیٰ کی توفیق وتائید ہی کی کارفرمائی ہے۔ اسوقت محدث اپنی کثیر اشاعت کے ساتھ ملک کے تمام حصوں میں پہونچ رہا ہے اور اب بفضل خدا بیرون ملک بھی اس کا قدم بڑھنے لگا ہے۔ یہ امر محتاج تشریح نہیں ہے کہ محدث کے اجراء سے اس کے مالک اور کارکنان کو کوئی ذاتی منفعت مقصود نہیں ہے بلکہ اس دور فسق وفجور اور عہد الحاد وبے دینی میں ایک خالص مذہبی رسالہ کی سخت ضرورت محسوس کی جارہی تھی جو تجارتی اغراض سے دور رہ کر اسلام اور اسلام کی مقدس تعلیم پیش کرے تاکہ کم ازکم مسلمانوں کی ذہنیتیں بحر تفریح میں بہنے سے محفوظ رہیں اور وہ اپنی اسلامی تعلیمات کی روشنی میں عقائد وخیالات کو پاک وصاف رکھ سکیں۔ چنانچہ محدث انہی مقاصد کو مدنظر رکھکر مفت جاری ہے کہ امیر وغریب سب یکساں طور پر اس سے مستفیض ہو سکیں۔

ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ جناب شیخ عطاء الرحمٰن صاحب مدظلہ کے ان اعمال خیر کو قبول فرماتے ہوئے مزید توفیق وبرکت عطا فرمائے کہ وہ موجودہ خدمتوں سے بھی بڑھ کر اسلام اور مسلمانوں کی علمی وتبلیغی خدمتیں انجام دیں۔ تمام ناظرین شیخ صاحب موصوف کیلئے دعائے خیر کرتے ہوئے مزید یہ دعا کریں کہ رب قدیر محدث کو اپنے غیر محدود فضل وکرم سے یونہی اشاعت پذیر رکھے اور ہیر شیخ صاحب مدظلہ اور ان کے اس رسالہ کو حاسدین کے

شر و فساد سے محفوظ و مامون رکھے۔ آمین

دار الحدیث میں عید اضحیٰ

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی یادگار عید قرباں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم کے مطابق ہر سال مسلمانوں میں منائی جاتی ہے۔
متعلقین دار الحدیث رحمانیہ بھی اس موقعہ پر جناب شیخ عطاء الرحمٰن صاحب مدظلہ کے بحر سخا سے فیض اٹھاتے ہوئے ہمیشہ کافی دلچسپی کا اظہار کرتے ہیں چنانچہ امسال بھی طلبۂ دار الحدیث نے عید آنے سے پہلے پنجشنبہ کو جمعیۃ الصلاح کا خاص جلسہ منعقد کیا جس میں صرف قربانی اور حج سے متعلق مضامین بیان کئے گئے اس کے بعد عید کے دن اور ایام تشریق میں متعدد بکرے ذبح ہوتے رہے جن کا ثواب اگرچہ شیخ صاحب کو ملتا رہا لیکن مسنونانہ گوشت خوریوں کے لطف متعلقین مدرسہ خوب اٹھاتے رہے۔ پھر مزید براں یہ کہ حسب دستور سابق عید کے دن تمام طلبہ و مدرسین و ملازمین مدرسہ کو شیخ صاحب کی طرف سے ایک ایک روپیہ عطا ہوا۔ اس نقدی عیدی نے لطف و مسرت میں قندِ مکرر کا مزا دیا۔ اب اس آرام رساماحول میں کون تھا جسکو وطن یاد آسکے؟

الحزب المقبول

صحیح دعاؤں کی یہ بے نظیر کتاب محترم شیخ صاحب مدظلہ العالی نے اپنے پسران کی طرف سے کافی تعداد میں چھپوائی ہے۔ درخواستوں کا تانتا بندھا ہوا ہے۔ جنہیں ہم برابر کتابیں بھیجتے جا رہے ہیں گذشتہ پرچہ میں اعلان کر دیا گیا تھا کہ اس میں چھ پیسے کے ٹکٹ محصولڈاک میں صرف ہوتے ہیں لہذا ۱ ؍ کے ٹکٹ بھیجے جائیں مگر باوجود اس اعلان کے بعض احباب دو پیسہ یا چار پیسے والے ٹکٹ بھیجتے ہیں لہذا اطلاع دیجاتی ہے کہ جن صاحبان نے چھ پیسے سے کم کے ٹکٹ بھیجے ہیں ان کے ٹکٹ محفوظ ہیں وہ اپنا بقیہ محصول بھی سطور ذیل کو مدنظر رکھکر روانہ فرمائیں تاکہ ان کے نام کتاب بھیجی جاسکے۔
دوسری ضروری بات یہ ہے کہ یکم اپریل سے ڈاکخانہ کے قانون میں عام پیکٹ کا محصول بڑھا دیا گیا ہے۔ لہذا اب تمام حضرات کو اطلاع دی جاتی ہے کہ "الحزب المقبول" کے محصول میں ۱۳ تولہ وزن کی وجہ سے ۷ ؍ سات پیسہ کے ٹکٹ صرف ہونگے آئندہ درخواست بھیجنے والے مندرجہ بالا اطلاع کا ضرور لحاظ رکھیں۔

اعلام

ہمیں نہایت مسرت ہے کہ ہمارے عزیز دوست مولوی عبد الغفار صاحب حسن رحمانی عمرپوری نے امسال مدرسے کے آخری امتحان میں پاس ہو کر سند حاصل کرلی۔ ناظرین آپ کے علمی مضامین اکثر اس رسالے میں پڑھتے رہے ہیں۔ آپنے اپنے یتیمی کے ایام مہتمم مدرسہ جناب شیخ عطاء الرحمٰن صاحب مدظلہ کے سایۂ عاطفت میں پورے آرام سے بسر کئے۔ کامل آٹھ سال تک یہاں تعلیم پائی۔ شادی پر بھی مہتمم صاحب مدظلہ نے نقدی زیور اور کپڑے وغیرہ سے پورا سلوک کیا۔ اور ایک پرتکلف عام دعوت بھی زنانہ و مردانہ کی جزاہم اللہ۔ اتنی لمبی مدت کے بعد اب مولنا عبد الغفار صاحب حسن رحمانی اس مدرسے سے جدا ہوئے ہیں۔ ہماری دلی دعا ہے کہ خدا تعالیٰ آپ سے اپنے سچے دین کی محققانہ خدمتیں لے۔ آمین

انتباہ:۔ جن احباب کے ٹکٹ ماہ محرم میں ختم ہوتے ہیں ہم ان کے نام بھی باوجود آئندہ کیلئے ٹکٹ نہ آنیکے اس ماہ کا رسالہ بھیج رہے ہیں۔ لیکن اگر اب بھی وہ آئندہ کیلئے ٹکٹ نہ بھیجیں گے تو مجبوراً ہمیں ان کے نام رسالہ بند کرنا پڑے گا۔

نوٹ:۔ پرانے خریدار اپنے ٹکٹ بھیجتے وقت چٹ نمبر اور برائے سال آئندہ ضرور لکھیں۔